1989ء سے مسلسل اشاعت
26 مئی تا یکم جون 2023 | شمارہ نمبر 22 | جلد نمبر 35

ہفت روزہ

# پیپر بزنس کراچی

بانی: محمد رؤف

پیپر، پیپر بورڈ اور اسٹیشنری کے مینوفیکچررز، انڈنٹرز، امپورٹرز و ایکسپورٹرز، ٹریڈرز، پرنٹرز، سپلائرز اور پرنٹنگ کی صنعت سے وابستہ اداروں کے درمیان رابطہ کا پاکستان کا واحد باقاعدہ تصدیق شدہ پہلا تجارتی جریدہ

MC - 547 Price Rs. 100/-

**FAIR TRADE (Pvt) Limted**

A Trusted & Reliable Name for Geniune Trading of Paper & Board

Serving Since 1975

| Distributors | Importers |
| --- | --- |
| Flying Paper<br>Bulleh Shah ( Packages )<br>Crown ( Fazal Paper )<br>Chenab ( A.K Ind. ) | Offset Paper<br>Bleached Board<br>Art Card |

4, Muhammadi Terrace, Tayyebji Road, Karachi.
Ph: 021-32625600 - 32625633 , Fax: (92-21) 32621614
Whatsapp: 0334-0209809, Email: fairtrade1961@gmail.com

IBM™

ISO 900: 2015
International Business Management
CERTIFIED

PT. PABRIK KERTAS TIJWI KIMIA TBK

ART PAPER NEVIA

NINGBO FOLD
Little Star
Bleach Board

pindo deli
paper products

Indah Kiat
Pulp and Paper Products

SINAR

VERITAC
SELF ADHESIVE STICKER PAPER

Winner of Brands Icon of Pakistan 2010
Brands of the year Award 2010
Brands of the year Award 2011-2012

111-IBM-PAK
Please Contact For Booking

First Floor, Darul Hina Building Tayabjee Road, Near Burhani Hospital Karachi.. 74200
PAKISTAN. Ph: +92-2132627061 Fax # 92-21-32629786 UAN: 111-426-725
Email: saleem.bikiya@ibmpak.com website: www.ibmpakistan.com

bmp
بزنس مین پینل





کراچی و لاہور میں خدمت کے 13 سال

BMG
بزنس مین گروپ

جناب محمد سلیم بیکیا اور جناب خامس سعید بٹ کی قیادت پر ملک بھر کے پیپر مرچنٹس کا اعتماد

محمد سلیم بیکیا
چیئرمین

کل بھی تھا ۔ آج بھی ہے اور آئندہ بھی رہے گا

خامس سعید بٹ
گروپ لیڈر






Printed on Golden Coin Pindo Art Card. 190 Gsm. Contact for Booking **IBM: 111-426-725**

pindo deli
paper producs

IBM™
PAKISTAN




## SELF ADHESIVE STICKER PAPER
## INDONESIA

**Today, Labelstock Products have been used in various industrial sectors, and thus, we're continuously developing new products to meet the market demand for ace labeling, retail outlet labeling, barcode label, and other general end use.**

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

IBM™
ISO 9001: 2015 CERTIFIED

**INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT**

First ISO 9001-2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital, Karachi UAN:111-IBK-PAK
Ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, Website:www.ibmpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010
Brands of the year Award™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# indah kiat
pulp & paper Products

# WELCOME TO
## OUR WORLD OF COLOURS



**IK GOLD, X-BRITE**
**IK COPY PAPER**



**SINAR SPECTRA**
premium colour paper



spectra color
premium color paper

## PHOTOCOPIER PAPER

SPECTRA COLOR, SINAR SPECTRA, PAPERLINE, BLC, PPC BROWN, PPC BLUE, PPC ORANGE, PAPERLINE 2000

## CAST COATED BOARDS

| | |
|---|---|
| SINAR ROYAL | C2S GRAPHIC BOARD |
| SINAR VANDA | C1S WHITE BACk HIGH-BLUK |
| SINAR PLEX | C1S DUPLEX BOARD GREY BLACK / E-PLEX BOARD |
| SINAR FOLD | C1S WHITE BACK |
| SINAR CARD | C1S DUPLEX BOARD WHITE BACK |



## QURAN PAPER

PREMIUM QUALITY HIGH SMOOTHNESS COLOR PAPER
Sinar Tech



## SINAR SPECTRA COLOR CUBE



## FOR BOOKING CONTACT

IBM™
ISO 9001: 2015 CERTIFIED

**INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT**

First ISO 9001-2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital, Karachi UAN:111-IBK-PAK
Ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, Website:www.ibmpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010

Brands of the year Award — IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award — IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

اشاعت: بروز جمعۃ المبارک — قیمت 100 روپے

# پیپر بزنس

**پبلشرز: حرارؤف**

نے پرنٹر عبدالغیور، ٹارگٹ پرنٹرز، 14 بتول مارکیٹ، کراچی سے چھپوا کر شائع کیا

شمارے کے صفحات: 22 رنگین، 18 عمومی

**بانی: محمد رؤف**

ایڈیٹوریل بورڈ:

پبلشر وا یگزیکٹو ایڈیٹر: حرارؤف

اسسٹنٹ ایڈیٹر: نعمان علی

پیج میکنگ وڈیزائننگ: عمران صدیقی

سوشل میڈیا مارکیٹنگ: سمیر انصاری

معاون: عدنان انصاری

**رابطہ آفس**

A-144 بھایانی شاپنگ سینٹر،

بلاک M، نارتھ ناظم آباد،

بالمقابل فاروق اعظم مسجد، کراچی

weeklypaperbusiness@gmail.com

فون: 0300-2933229

ویب سائٹ: weeklypaperbusiness.com

**چارجز:** (سالانہ)

بمعہ کوریئر (کراچی) 2500 روپے

بمعہ کوریئر (بیرون کراچی) 3000 روپے

کراچی پیپر مارکیٹ 1500 روپے

بمعہ ڈیجیٹل ایڈیشن 1000 روپے

آن لائن ادائیگی: Summit بینک پیپر مارکیٹ کراچی

IBAN No: PK72SUMB025602714112960


# ایل سی کیش مارجن پر بینک امپورٹرز کو منافع دیں، محمد سلیم بیکیا

## چار سے چھ ماہ تک امپورٹرز کی رقم پر بینک نفع حاصل کر رہے ہیں، اسٹیٹ بینک امپورٹرز کو نفع دلوائے، چیئرمین بزنس مین پینل کا مطالبہ

کراچی (پیپر بزنس نیوز) چیئرمین بزنس مین پینل آل پاکستان پیپر مرچنٹس محمد سلیم بیکیا نے اسٹیٹ بینک آف پاکستان سے مطالبہ کیا ہے کہ بینکوں کی جانب سے سو فیصد کیش مارجن پر چار سے چھ ماہ تک حاصل ہونے والا منافع امپورٹرز کو دلوایا جائے۔ پیپر بزنس کو ایک خصوصی انٹرویو میں سابق چیئرمین آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن محمد سلیم بیکیا نے کہا کہ پاکستان کی تاریخ میں ایسا پہلی بار ہوا ہے کہ ہمارا سب سے آرگنائز سیکٹر یعنی بینکنگ سیکٹر غیر منظم ہو گیا ہے اور اس سے کوئی باز پرس کرنے والا نہیں ہے۔ تمام بینک امپورٹرز کو بلیک میل کر رہے ہیں اور اسٹیٹ بینک کے احکامات کے برخلاف درآمد کنندگان کو مجبور کر رہے ہیں کہ وہ 120 فیصد تک مارجن جمع کرائیں جبکہ بینکوں نے ان امپورٹرز کی کروڑوں اربوں روپے قرضوں کی حد منظور کر رکھی ہے۔ اس کا نتیجہ یہ نکل رہا ہے کہ مارجن کے نام پر رقوم بینکوں کو منتقل ہو رہی ہیں اور بینک ایل سی کی بروقت ادائیگی میں بھی ناکام ہو رہے ہیں اس طرح درآمد کنندہ کا مارجن تین ماہ کے بجائے چھ ماہ اور موجودہ حالات میں 8-8 ماہ تک بینکوں کے پاس منجمد رہتا ہے اور اس پر بینک انہیں کوئی مارک اپ بھی نہیں دے رہے ہیں اور خود وہ حکومت کو اضافی شرح سود پر قرضے فراہم کر کے دگنا منافع کما رہے ہیں۔ جبکہ تاجروں کو اس کا نقصان یہ ہو رہا ہے کہ ان کے پاس کاروبار کرنے کے لئے رقوم سکڑ گئی ہیں جس کی وجہ سے تجارتی سرگرمیاں آدھی ہو گئی ہیں اور لوگ ڈیفالٹ کی طرف جا رہے ہیں۔ محمد سلیم بیکیا نے کہا کہ بینکوں کے اس غیر قانونی نفع اور درآمد کنندگان کے استحصال پر اسٹیٹ بینک کے افسران کی خاموشی ملک کو معاشی دلدل میں دھنسانے والوں کی سازش میں شرکت ہے اس سے قبل بھی بینکوں نے جب زرمبادلہ کی لین دین میں غیر قانونی طور پر اربوں روپے کا منافع کمایا تھا تو اس وقت اسٹیٹ بینک کے گورنر نے وعدہ کیا تھا کہ وہ ان بینکوں کے خلاف کارروائی کریں گے لیکن ان کے خلاف بھی آج تک کوئی کارروائی نہیں ہوئی اور اب بینکوں کی من مانی سے ملک معاشی بحران کی طرف تیزی سے بڑھ رہا ہے۔ محمد سلیم بیکیا نے کہا کہ اسٹیٹ بینک اس بات کی تحقیقات کرے کہ بینکوں میں ڈپازٹس میں اضافے کی اصل وجوہات کیا ہیں اور کن بینکوں کے ڈپازٹس میں ایل سی نقد مارجن کی وجہ سے اضافہ ہوا ہے جن بینکوں نے ایل سی مارجن اسٹیٹ بینک کی ہدایات کے برخلاف 120 فیصد تک وصول کیا ہے ان کو پابند کیا جائے کہ وہ درآمد کنندگان کو اس مارجن پر مارک اپ ادا کریں کیونکہ وہ دہرا منافع کما رہے ہیں۔ واضح رہے کہ 24 مارچ 2023 کو اسٹیٹ بینک نے ایل سی مارجن ختم کر کے امپورٹ کی اجازت دے دی ہے۔ لیکن بینک اس پر عمل نہیں کر رہے۔ لہٰذا ضرورت اس امر کی ہے کہ اسٹیٹ بینک اپنے احکامات پر عملدرآمد کو یقینی بنانے کے لئے سخت اقدامات کرے اور اس کے ساتھ ساتھ امپورٹرز کی جمع شدہ رقوم پر بینکوں کو پابند کیا جائے کہ وہ ایل سی مارجن پر امپورٹرز کو نفع ادا کریں۔



### محمد احمد مرحوم کی اہلیہ اور وقاص دانش کی والدہ انتقال کر گئیں

کراچی (پیپر بزنس نیوز) آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کی ممبر فرم میسرز عوامی پیپر سینٹر کے محمد احمد مرحوم کی اہلیہ اور چیئرمین لوکل باڈیز سب کمیٹی، وقاص احمد دانش کی والدہ 23 مئی 2023 کو رضائے الٰہی سے انتقال کر گئیں۔ دریں اثناء محمد سلیم بیکیا چیئرمین بزنس مین پینل، سینئر وائس چیئرمین اپیما محمد انیس، صدر سدرن زونل کمیٹی سید شاہنواز علی و دیگر عہدیداران و اراکین سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی نے مرحومہ کے انتقال پر دلی تعزیت کا اظہار کیا ہے اور دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کی مغفرت فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔

## خامس سعید بٹ کی قیادت میں اپیما کے 5 رکنی وفد کا دورہ گاؤنزو

18 ویں بین الاقوامی پیپر اینڈ پلپ نمائش 30 مئی سے یکم جون تک پولی ورلڈ سنٹر گاؤنز میں منعقد ہو رہی ہے۔ جس میں خامس سعید بٹ ایگزیکٹو ممبر لاہور چیمبر کی قیادت میں اپیما کا پانچ رکنی وفد شرکت کرے گا دیگر اراکین میں مغیث احمد باجوہ - محمود احمد سبحانی - محمد ارسلان عابد اور محمد ندیم شامل ہیں۔ وفد 28 مئی سے 3 جون تک گاؤنزو میں پاکستانی کونسل جنرل - صدر گاونگ ڈانگ پیپر ایسوسی ایشن سے بھی ملاقات کرے گا۔ 2018 کے بعد سے کوویڈ - 19 کی وجہ سے وفد نمائش میں شرکت سے قاصر رہا اب یہ دورہ دونوں ممالک میں پیپر و پیپر بورڈ سے متعلقہ کاروباری شراکت کو مزید مضبوط بنانے میں بے حد مددگار ثابت ہوگا۔






یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# دبئی اور افغانستان میں بلیک مارکیٹ کی مضبوطی کی وجہ سے روپیہ کی قدر کم ہو رہی ہے، ملک بوستان

## عازمین حج کی جانب سے ڈالر کی خریداری شروع ہونے سے گزشتہ ہفتے سے مسلسل روپے کی قیمت کم ہوئی ہے، ظفر پراچہ

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) ڈالر کی قدر میں مسلسل اضافے کا رجحان برقرار ہے، 22 مئی کو اوپن مارکیٹ میں ڈالر 305 روپے کی بلند ترین سطح پر پہنچ گیا، ایکس چینج کمپنیز ایسوسی ایشن آف پاکستان کے مطابق ایک ہفتے کے دوران اوپن مارکیٹ مین روپے کی قدر میں 12 روپے کی کمی واقع ہوئی ہے، گزشتہ بدھ (17 مئی 2023) کو روپے کی قدر میں سب سے زیادہ سات روپے کی گراوٹ دیکھی گئی تھی، اسٹیٹ بینک کے مطابق انٹر بینک مارکیٹ میں بھی روپیہ مسلسل پیر 22 مئی کو زوال کا شکار رہا، اور 286.55 پر ٹریڈ ہوا، انٹر بینک اور اوپن مارکیٹ کے درمیان ڈالر کی قیمت میں 18 روپے کا فرق ہے، جبکہ اس سے قبل یہ ایک سے تین روپے تک ہوتا تھا۔ ایکس چینج کمپنیز ایسوسی ایشن کے صدر ملک بوستان نے کہا کہ کمرشل بینکوں کی جانب سے ڈالر کی ڈیمانڈ میں اضافے کی وجہ سے روپیہ دباؤ کا شکار ہے، بینک اپنے کسٹمرز کی جانب سے کریڈٹ کارڈز کے ذریعے کی گئی انٹرنیشنل ادائیگیاں کرنے کیلیے اوپن مارکیٹ سے ڈالر خریدتے ہیں، بینکوں کو اوسطا روزانہ 10 ملین ڈالر کی ضرورت ہوتی ہے، دوسری جانب دبئی اور افغانستان میں بلیک مارکیٹ کی مضبوطی کی وجہ سے ایکسچینج کمپنیز کو ڈالر کی سپلائی میں کمی ہوئی ہے، دبئی کی حوالہ ہنڈی مارکیٹ میں ایک ڈالر 310 روپے میں فروخت ہو رہا ہے، جو کہ ڈومیسٹک اوپن مارکیٹ میں 305 اور اوپن مارکیٹ میں 286.55 روپے میں دستیاب ہے، انھوں نے کہا کہ گزشتہ سال کے مقابلے میں اپریل کے مہینے میں ترسیلات زر میں 29 فیصد کمی ہوئی ہے، جو اس بات کا واضح اظہار ہے کہ اوورسیز پاکستانی ناجائز طریقوں سے ترسیلات پاکستان بھیج رہے ہیں، اس کے علاوہ سیاسی عدم استحکام، آئی ایم ایف پروگرام کی عدم بحالی، ڈیفالٹ کے امکانات، فارن ایکسچینج ریزرو میں مستقل کمی، جیسے عوامل نے بھی روپے کو دباؤ کا شکار کر دیا ہے، سیکریٹری جنرل ای سی اے پی ظفر پراچہ نے کہا کہ حج فلائٹس شروع ہونے کی وجہ سے عازمین حج ڈالر اور سعودی ریال حاصل کر رہے ہیں، جس کی وجہ سے بھی روپیہ پر دباؤ آیا ہے۔ دریں اثنا بینک دولت پاکستان کے مطابق 23 مئی کو انٹر بینک میں 59 پیسے کے اضافے سے ڈالر کی قدر بڑھ کر 287.15 روپے پر جا پہنچی فاریکس ایسوسی ایشن آف پاکستان کے رپورٹ کے مطابق منگل 23 مئی کو انٹر بینک میں 50 پیسے کی کمی سے ڈالر کی قدر 288 روپے سے گھٹ کر 287.50 روپے ہوگئی جبکہ اوپن مارکیٹ میں 3 روپے کے اضافے سے ڈالر کی قدر 305 روپے سے بڑھ کر 308 روپے پر جا پہنچی۔ فاریکس رپورٹ کے مطابق یورو کی قدر میں 3 روپے کا اضافہ ہوا جس سے یورو کی قیمت فروخت 330 روپے سے بڑھ کر 333 روپے ہو گئی اسی طرح 3 روپے کے نمایاں اضافے سے برطانوی پونڈ کی قیمت فروخت 381 روپے سے بڑھ کر 384 روپے پر جا پہنچی۔

## روس کو پاکستانی مصنوعات کی برآمد پر ٹیرف میں 25 فیصد کمی کا معاہدہ

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) پاکستان کے برآمد کنندگان کو روس سے مصنوعات پر 25 فیصد ٹیرف میں کمی حاصل ہوگی پاکستان اور روس کے درمیان باضابطہ یونیفائیڈ سسٹم آف ٹیرف ترجیحات کا معاہدہ طے پا گیا، دونوں ممالک الیکٹرانک ایکسچینج کے تحت تجارتی دستاویز کا تبادلہ کر سکیں گے۔ وزارت تجارت کے مطابق معاہدے نے پاکستانی ایکسپورٹرز کو مصنوعات کی برآمد پر 25 فیصد ٹیرف میں کمی لینا آسان بنا دیا ہے، وزیر تجارت سید نوید قمر نے روس کے شہر کازان میں دستخطی تقریب میں شرکت کی یوریشین اکنامک یونین کا یونیفائیڈ سسٹم آف ٹیرف ترجیحات ترقی پذیر ممالک کو یکطرفہ ترجیحی رسائی فراہم کرتا ہے تاریخی پروٹوکول پاکستان اور روس کے درمیان تجارتی تعلقات کے فروغ کیلئے درکار قانونی فریم ورک کی تعمیر میں ایک اور اہم قدم ہے یہ سامان کی آسانی سے روانی کو یقینی بنانے، روسی مارکیٹ میں داخل ہونیوالی پاکستانی مصنوعات کیلئے کسٹم ڈیوٹی میں نمایاں رعایت بھی فراہم کریگا، وزیر تجارت 19-17 مئی 2023 کو منعقد ہونیوالے 14 ویں روس اسلامک ورلڈ اکنامک فورم میں پاکستان کی نمائندگی کرنے کیلئے کازان کا دورہ کر رہے تھے۔

## جولائی 2023 سے بجلی تقسیم میں اجارہ داری ختم ہوجائیگی، CEO کے الیکٹرک

کراچی (نیوز ڈیسک) کے الیکٹرک کے چیف ایگزیکٹو مونس علوی نے کہا ہے کہ جولائی 2023 سے کراچی میں بجلی کی تقسیم کا نظام میں کے اجارہ داری کا اختتام ہو جائے گا نئے مالی سال سے کے الیکٹرک کے علاوہ دیگر کمپنیاں بھی کراچی میں بجلی کی ڈسٹری بیوشن لائسنس کے لئے اہل ہونگی سال 2030 تک کے الیکٹرک کے صارفین کی تعداد 50 لاکھ اور بجلی کی کھپت 5 گیگاواٹ تک ہوگی، ڈسٹری بیوشن لائسنس کے حوالے سے بیان میں مونس علوی نے کہا کہ کے الیکٹرک نے مسابقتی ماحول کے فروغ کیلئے نیپرا سے نان ایکسکلیوسو ڈسٹری بیوشن لائسنس کی درخواست کی ہے نیپرا نے 9 مئی 2023 کو سابقہ واپڈ کی ڈیسکوز کو نان ایکسکلیوسو لائسنس پہلے ہی جاری کر دیئے ہیں تیکنیکی لحاظ سے 21 جولائی 2023 سے کوئی بھی ادارہ بجلی ڈسٹری بیوشن کے شعبہ میں خدمات سرانجام دے سکتا ہے۔

## کراچی: پینسل بنانے والی فیکٹری میں آتشزدگی، تمام سامان جل گیا

کراچی (نیوز ڈیسک) سائٹ کے علاقے ڈی سی آفس کے عقب میں پینسل بنانے والی فیکٹری کی پہلی منزل پر پراسرار طور پر آگ لگ گئی جس نے دیکھتے ہی دیکھتے پوری فیکٹری کو لپیٹ میں لے لیا، فائر فائٹر نے آگ پر قابو پالیا، تفصیلات کے مطابق اتوار 21 مئی کی شام 6 بجکر 10 منٹ پر سائٹ کے علاقے حبیب بینک چورنگی کے قریب ڈی سی ویسٹ آفس کے عقب میں پینسل بنانے والی فیکٹری کی پہلی منزل پر پراسرار طور پر آگ لگ گئی جس نے دیکھتے ہی دیکھتے پوری فیکٹری کو لپیٹ میں لے لیا، اتوار کے باعث فیکٹری کے زیادہ تر ملازمین چھٹی پر تھے چند افراد کام کر رہے تھے جنھوں نے بھاگ کر اپنی جان بچائی اور فوری طور پر فائر بریگیڈ کو اطلاع دی، آگ کا دھواں تقریبا ایک کلو میٹر دور سے دکھائی دے رہا تھا آگ پھیلتے ہوئے فیکٹری کے گراؤنڈ فلور کے گودام تک پہنچ گئی جس کے نتیجے میں گودام اور فرسٹ فلور میں رکھا تمام سامان جل گیا، دھواں زیادہ ہونے کی وجہ سے فائر فائٹر کو بھی دشواری کا سامنا کرنا پڑا، فائر افسر شعیب خان کے مطابق تقریبا 2 گھنٹے کی جدوجہد کے بعد 1 باوزر اور 9 فائر ٹینڈر کی مدد سے آگ پر قابو پالیا گیا، انکا کہنا تھا کہ حیرت انگیز طور پر اتنی بڑی فیکٹری ہے مگر اس میں آگ بجھانے کے آلات بھی موجود نہیں ہیں، اگر فائر سسٹم موجود ہوتا تو آگ زیادہ نہیں لگتی، سائٹ ایریا کی زیادہ تر فیکٹریوں میں فائر سسٹم ہی نہیں ہے ایک سوال کے جواب میں انھوں نے بتایا کہ آگ کو تو کنٹرول کر لیا مگر کولنگ کا عمل جاری ہے۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

CPP Services Private Limited

联强集团 UP GROUP

World Re-known Brands which are under Our Belt and their Product Line.

YU YIN — Automatic Die Cutting, Foil Printing Machines

accura — High-end Slitting & Sheeting Machines

FANGBANG — Roll Fed Paper Bag Machines, Sheet Fed Paper Bag Machines

DLG 德拉根 上海德拉根印刷机械有限公司 SHANGHAI DRAGON PRINTING MACHINERY CO.,LTD. — Automatic Spot UV Machines, Water Base Coating Machines, Folder Gluer Machines

HHM — High-end Folder Gluer

GUOWEI 浙江国威智能设备有限公司 Zhejiang Guowei Intelligent Equipment Co., Ltd. — Sheeting Machines, Guillotine Cutting Machines

SHENGTIAN 盛田 — Flute Laminator & Thermal Lamination Machines, Water Base Lamination Machines

GMB 光明 GUANGMING — Thermal Lamination Machines

HS MACHINE — Narrow Web Label Printing Machines, Plain Label Rotary & Flat Bed Die Cuting Machines & Slitting Machines

Plot no 18, Sector 26, Industrial Area Korangi, Karachi - Pakistan.

+92-21-35070785-8 Email:info@cpp.com.pk www.cpp.com.pk





Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# جنوری-مارچ 2023: آرٹ کارڈ گولڈن کوئنز میں 115 ننگبو اسٹار میں 105 روپے فی کلو کا اضافہ

## Prices Trend in January-March-2023 (Per Kg Rates)
## Imported **ART CARD Indonesia and China**

| Golden Coin | | JAN-2023 | | | | | FEB-2023 | | | | MAR-2023 | | | | Price +Increase -Decrease (Rupees) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Size | Gram | 30-Dec | 6 | 13 | 20 | 27 | 3 | 10 | 17 | 24 | 3 | 10 | 17 | 31 | |
| All Size | 190 | 385 | 385 | 400 | 400 | 425 | 470 | 550 | 550 | 500 | 500 | 500 | 500 | 500 | ( + 115 ) |
| All Size | 200 | 385 | 385 | 400 | 400 | 425 | 470 | 550 | 550 | 500 | 500 | 500 | 500 | 500 | ( + 115 ) |
| All Size | 210 | 385 | 385 | 400 | 400 | 425 | 470 | 550 | 550 | 500 | 500 | 500 | 500 | 500 | ( + 115 ) |
| All Size | 250 | 385 | 385 | 400 | 400 | 425 | 470 | 550 | 550 | 500 | 500 | 500 | 500 | 500 | ( + 115 ) |
| All Size | 260 | 385 | 385 | 400 | 400 | 425 | 470 | 550 | 550 | 500 | 500 | 500 | 500 | 500 | ( + 115 ) |
| All Size | 300 | 385 | 385 | 400 | 400 | 430 | 470 | 550 | 550 | 500 | 500 | 500 | 500 | 500 | ( + 115 ) |
| All Size | 310 | 385 | 385 | 400 | 400 | 425 | 470 | 550 | 550 | 500 | 500 | 500 | 500 | 500 | ( + 115 ) |
| All Size | 350 | 385 | 385 | 400 | 400 | 425 | 470 | 550 | 550 | 500 | 500 | 500 | 500 | 500 | ( + 115 ) |

| Ningbo Star | | JAN-2023 | | | | | FEB-2023 | | | | MAR-2023 | | | | Price +Increase -Decrease (Rupees) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Size | Gram | 30-Dec | 6 | 13 | 20 | 27 | 3 | 10 | 17 | 24 | 3 | 10 | 17 | 31 | |
| All Size | 250 | 375 | NA | NA | NA | NA | 470 | 470 | 470 | 470 | 510 | 510 | 510 | 510 | ( + 135 ) |
| All Size | 270 | 375 | NA | NA | NA | NA | 470 | 470 | 470 | 470 | 510 | 510 | 510 | 510 | ( + 135 ) |
| All Size | 300 | 375 | NA | NA | NA | NA | 470 | 470 | 470 | 470 | 510 | 510 | 510 | 510 | ( + 135 ) |
| All Size | 350 | 375 | NA | NA | NA | NA | 470 | 470 | 470 | 470 | 510 | 510 | 510 | 510 | ( + 135 ) |

| Art Card Japan | | JAN-2023 | | | | | FEB-2023 | | | | MAR-2023 | | | | Price +Increase -Decrease (Rupees) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Size | Gram | 30-Dec | 6 | 13 | 20 | 27 | 3 | 10 | 17 | 24 | 3 | 10 | 17 | 31 | |
| 22 x 28 | 250 | 395 | 395 | 400 | 400 | 450 | 515 | 535 | 535 | 580 | 580 | 580 | 580 | 550 | ( + 155 ) |
| 25 x 36 | 270 | 395 | 395 | 400 | 400 | 450 | 515 | 535 | 535 | 580 | 580 | 580 | 580 | 550 | ( + 155 ) |
| 23 x 36 | 300 | 395 | 395 | 400 | 400 | 450 | 515 | 535 | 535 | 580 | 580 | 580 | 580 | 550 | ( + 155 ) |
| 31 x 37 | 300 | 395 | 395 | 400 | 400 | 450 | 515 | 535 | 535 | 580 | 580 | 580 | 580 | 550 | ( + 155 ) |

| Brief Card | | JAN-2023 | | | | | FEB-2023 | | | | MAR-2023 | | | | Price +Increase -Decrease (Rupees) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Size | Gram | 30-Dec | 6 | 13 | 20 | 27 | 3 | 10 | 17 | 24 | 3 | 10 | 17 | 31 | |
| All Size | 120 | 415 | 415 | 415 | 415 | 440 | 515 | 515 | 515 | 515 | 600 | 600 | 600 | 625 | ( + 210 ) |
| All Size | 150 | 415 | 415 | 415 | 415 | 440 | 515 | 515 | 515 | 515 | 600 | 600 | 600 | 625 | ( + 210 ) |
| All Size | 180 | 415 | 415 | 415 | 415 | 440 | 515 | 515 | 515 | 515 | 600 | 600 | 600 | 625 | ( + 210 ) |
| All Size | 210 | 415 | 415 | 415 | 415 | 440 | 515 | 515 | 515 | 515 | 600 | 600 | 600 | 625 | ( + 210 ) |
| All Size | 230 | 415 | 415 | 415 | 415 | 440 | 515 | 515 | 515 | 515 | 600 | 600 | 600 | 625 | ( + 210 ) |
| All Size | 235 | NA | NA | 415 | 415 | 440 | 515 | 515 | NA | NA | NA | NA | NA | NA | ( + 100 ) |
| All Size | 265 | 425 | 425 | 425 | 425 | 440 | 515 | 515 | 515 | 515 | 600 | 600 | 600 | 625 | ( + 210 ) |

## Prices Trend in January-March-2023 (Per Kg Rates)
## Imported **BLEACH BOARD China** and **Indonesia**

| NINGBO GOLD | | JAN-2023 | | | | | FEB-2023 | | | | MAR-2023 | | | | Price +Increase -Decrease (Rupees) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Size | Gsm | 30-Dec | 6 | 13 | 20 | 27 | 3 | 10 | 17 | 24 | 3 | 10 | 17 | 31 | |
| All Size | All Gsm | 355 | 400 | 400 | 400 | 400 | 450 | 495 | 520 | 485 | 485 | 485 | 485 | 460 | ( + 105 ) |

| REAL | | JAN-2023 | | | | | FEB-2023 | | | | MAR-2023 | | | | Price +Increase -Decrease (Rupees) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Size | Gsm | 30-Dec | 6 | 13 | 20 | 27 | 3 | 10 | 17 | 24 | 3 | 10 | 17 | 31 | |
| All Size | All Gsm | 350 | 365 | 365 | 380 | 380 | 380 | 500 | 500 | 490 | 490 | 490 | 490 | 490 | ( + 140 ) |

| CHENMENG | | JAN-2023 | | | | | FEB-2023 | | | | MAR-2023 | | | | Price +Increase -Decrease (Rupees) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Size | Gsm | 30-Dec | 6 | 13 | 20 | 27 | 3 | 10 | 17 | 24 | 3 | 10 | 17 | 31 | |
| All Size | All Gsm | 345 | 365 | 365 | 375 | 395 | 445 | 480 | 500 | 460 | 480 | 480 | 480 | 475 | ( + 130 ) |

| PINDO DELI | | JAN-2023 | | | | | FEB-2023 | | | | MAR-2023 | | | | Price +Increase -Decrease (Rupees) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Size | Gsm | 30-Dec | 6 | 13 | 20 | 27 | 3 | 10 | 17 | 24 | 3 | 10 | 17 | 31 | |
| All Size | All Gsm | 335 | 355 | 355 | 370 | 390 | 440 | 475 | 500 | 475 | 475 | 475 | 475 | 475 | ( + 140 ) |

کراچی (پیپر بزنس نیوز) 2022 کی پہلی سہ ماہی میں پنڈو آرٹ کارڈ انڈونیشیا اور چائنا کے بلیچ بورڈ ننگبو گولڈ کے درآمد کنندگان کے لئے کاروباری لحاظ سے بہت بہتر اور دوسری سہ ماہی اپریل۔جون میں بھی یہ تیزی برقرار رہی تھی لیکن تیسری سہ ماہی جولائی-ستمبر سے ان آئٹمز کی قیمتوں میں کمی کا رجحان شروع ہوا تھا اور چوتھی سہ ماہی میں قیمتوں میں کمی جاری تھی۔چائنا کے آرٹ کارڈ ننگبو اسٹار میں بھی 2022 کی پہلی سہ ماہی میں 25 روپے فی کلو، دوسری سہ ماہی میں مزید 60 روپے کلو اضافہ ہوا تھا۔تیسری سہ ماہی میں کوئی تبدیلی نہیں ہوئی تھی ، چوتھی سہ ماہی میں قیمتوں میں 15 روپے کلو کی کمی ہوئی تھی اور اب 2023 کی پہلی سہ ماہی میں قیمتوں میں ریکارڈ اضافہ ہوا جو 385 سے بڑھ کر 500 روپے کلو پہنچ گئیں۔جبکہ بلیچ بورڈ ننگبو گولڈ قیمتوں میں 2022 کی پہلی سہ ماہی میں مجموعی طور پر 24 روپے کلو کا اضافہ اور دوسری سہ ماہی میں مزید 35 روپے کلو اضافہ۔تیسری سہ ماہی میں قیمتوں میں 41 روپے کلو کمی دیکھی گئی تھیں، چوتھی سہ ماہی میں قیمتیں مستحکم رہیں اور صرف 3 وپے کلو کا اضافہ ہوا۔لیکن جنوری 2023 کے پہلے ہفتے سے اس کی قیمتوں میں اضافہ شروع ہوا اور 355 سے بڑھ کر 31 مارچ کو 460 روپے کلو ہو گئی۔۔آرٹ کارڈ کی دیگر برانڈز ننگبو اسٹار، جاپان اور بریف کارڈ کی قیمتوں میں جنوری- مارچ 2023 کی سہ ماہی میں زبردست اضافہ دیکھنے میں آیا اور ان میں بالترتیب 135، 155 اور 210 روپے فی کلو اضافہ ہوا بلیچ بورڈ کی دیگر برانڈز ریئل میں 140 روپے، چینمنگ میں 130 روپے اور پنڈو ڈیلی میں 140 روپے کلو اضافہ ہوا اور ان کی قیمتیں جو فروری کے درمیان 500 روپے کلو تک پہنچ گئی تھیں اب 460 سے 490 تک پہنچ گئی ہیں۔ ذیل میں 2023 کی پہلی سہ ماہی جنوری-مارچ میں ان آئٹمز کی قیمتوں کا تقابلی جائزہ پیش کیا جارہا ہے۔




یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

IBM

&

OOCL
Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.

IBM

&

APL
Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# بین الاقوامی مارکیٹ: ننگبو گولڈ، ننگبو اسٹار، گولڈن کوئنز اور کوٹڈ آرٹ پیپر کی قیمتوں میں کمی

کراچی (انٹرنیشنل پرائس سروے رپورٹ) پیپر و پیپر بورڈ کی بین الاقوامی قیمتوں کی عالمی مارکیٹ سے موصول ہونے والی رپورٹ کے مطابق انڈونیشیا اور چائنا کے پیپر و پیپر بورڈ کی سی اینڈ ایف قیمتوں میں کمی کا رجحان دیکھ جا رہا ہے گزشتہ دو ہفتوں میں ان کی قیمتوں میں ہونے والی تبدیلیوں کی تفصیل مندرجہ ذیل ہے۔

انڈونیشیا/ چائنا : پیکیجنگ بورڈ ، ننگبو گولڈ کی شیٹس گذشتہ ہفتے 790 ڈالر سے کم ہوکر 740 ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگئی۔ اس ہفتے ننگبو گولڈ کی شیٹس مزید 10 ڈالر کمی کے بعد 700 ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگئی۔ اسی طرح ننگبو گولڈ کی ریلز 780 ڈالر سے کم ہوکر 710 ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگئی تھی اس کی قیمتیں اب تک برقرار ہیں۔ ننگبو اسٹار کی شیٹس 950 ڈالر سے کم ہوکر 840 ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگئی ہیں جبکہ ریلز 900 ڈالر سے کم ہوکر 810 ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگئی ہیں۔ بوہی (ایف او بی) کی شیٹس 645 ڈالر فی میٹرک ٹن اور ریلز 625 ڈالر فی میٹرک میں دستیاب ہیں۔ کوٹڈ پیپر چائنا نیو یا 870 ڈالر سے کم ہوکر 840 ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگیا ہے۔ انڈونیشیا : پنڈو پیکیجنگ بورڈ ، گولڈن کوئنز برانڈ کی شیٹس 750 ڈالر سے کم ہوکر 720 ڈالر جبکہ ریلز 720 ڈالر سے کم ہوکر 690 ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگئی ہیں۔ انڈونیشیا اور چائنا کے دیگر برانڈز کی قیمتوں میں کوئی تبدیلی نہیں دیکھی گئی۔ تفصیلی سروے اندرونی صفحات پر ملاحظہ فرمائیں۔

# بلیچ بورڈ، اسٹیکر، مقامی آفسیٹ، کاربن لیس اور فوٹو کاپی پیپر کی قیمتوں میں کمی، ساوی برائٹ میں اضافہ

کراچی (پرائس سروے رپورٹ) کراچی پیپر مارکیٹ میں کاروباری سرگرمیوں میں اس ہفتے مندی دیکھنے میں آئی اور 24 مئی 2023 کو ختم ہونے والے ہفتہ کو مارکیٹ سے موصولہ اطلاعات کے مطابق ہول سیل مارکیٹ میں اسٹیکر پیپر یونگی، گولڈن ٹیک جی ایس ایف، پاور ٹیک، وائی ایم سی ، نیکسز پرو، لنٹیک اور لیبل ٹیک، کاربن لیس پیپر امپریشن اسٹار اور رائزنگ سن، مقامی آفسیٹ پیپر فائیو اسٹار اینڈ لیول اپ، درآمدی بلیچ بورڈ ننگبو گولڈ ، رئیل ، پنڈو ڈیلی اور فوٹو کاپی پیپر کے کچھ برانڈز کی قیمتوں میں کمی ریکارڈ کی گئی۔ جبکہ گرافک بورڈ ساوی برائٹ میں اضافہ دیکھنے میں آیا۔ دیگر پیپر و پیپر بورڈ کے برانڈز کی قیمتوں میں استحکام رہا۔ پیپر و پیپر بورڈ کے جن برانڈز میں اس ہفتے جو اتار چڑھاؤ ہوا اس کی تفصیلی رپورٹ قارئین کے لئے پیش خدمت ہے۔

ہول سیل مارکیٹ میں صورتحال اس طرح سے ہے کہ کاربن لیس پیپر امپریشن اسٹار چائنا 24x34 سائز 10000 ، روپے سے کم ہوکر 9700 روپے فی ریم ہوگیا ہے۔ رائزنگ سن 24x34 سائز 10000 ، روپے سے کم ہوکر 9700 روپے فی ریم ہوگیا ہے۔ گرافک بورڈ ساوی برائٹ 23x36 سائز اور 25x36 سائز 290 ، گرام، 500 روپے سے بڑھ کر 510 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ بورڈ بورڈ ون وائٹ تمام سائز 250 اور 290 گرام، 212 روپے سے بڑھ کر 215 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ درآمدی بلیچ بورڈ ننگبو گولڈ چائنا ریلز تمام سائز تمام گرام 430 روپے سے کم ہو کر 415 روپے فی کلو ہوگئی ہیں۔ درآمدی بلیچ بورڈ رئیل چائنا شیٹس تمام سائز تمام گرام 455 روپے سے کم ہو کر 410 روپے فی کلو ہوگئی ہیں۔ بلیچ بورڈ پنڈو ڈیلی انڈونیشیا شیٹس تمام سائز تمام گرام، 420 روپے سے کم ہوکر 410 روپے فی کلو ہوگئی ہیں۔ مقامی آفسیٹ پیپر فائیو اسٹار اینڈ لیول اپ، تمام سائز 52 گرام، 220 روپے سے کم ہوکر 190 روپے ، تمام سائز 53 گرام، 245 روپے سے کم ہوکر 240 روپے، تمام سائز 60۔63 اور 68 گرام، 250 روپے سے کم ہوکر 240 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ فوٹو کاپی پیپر انڈونیشیا پی سی براؤن 70 گرام، 1360 روپے سے کم ہوکر 1340 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ بی ایل سی 70 گرام 1360 ، روپے سے کم ہوکر 1340 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آریا 70 گرام، 1315 روپے سے کم ہو کر 1310 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر یونگی چائنا 20x30 سائز 4400 روپے سے کم ہو کر 4200 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر گولڈن ٹیک جی ایس ایف 20x30 سائز ، 4400 روپے سے کم ہوکر 4200 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر پاور ٹیک چائنا 20x30 سائز ، 4400 روپے سے کم ہوکر 4000 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر وائی ایم سی چائنا 20x30 سائز، 5000 روپے سے کم ہوکر 4200 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر نیکسز پرو چائنا 20x30 سائز ، 4400 روپے سے کم ہوکر 4100 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر لنٹیک انڈونیشیا 20x30 سائز، 8500 روپے سے کم ہوکر 8300 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر لیبل ٹیک چائنا 20x30 سائز ، 4400 روپے سے کم ہوکر 4300 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔

## پاکستان سنگل ونڈو کا نظام ملک بھر کی ڈرائی پورٹس پر بھی نافذ

کراچی (بزنس ڈیسک) کاروباری برادری کی آسانی اور سہولت کے لئے کسٹمز کلیئرنس کا ڈیجیٹل پلیٹ فارم پی ایس ڈبلیو کا نظام ملک بھر کی ڈرائی پورٹس پر بھی نافذ کر دیا ہے البتہ کوئٹہ کی ڈرائی پورٹ اس میں شامل نہیں، چند ٹیکنیکل مسائل حل ہو جانے کے بعد کوئٹہ بھی اس نظام کا حصہ ہوگا پاکستان سنگل ونڈو (پی ایس ڈبلیو) کے نظام سے ملک بھر کی ڈرائی پورٹس سے کسٹمز کلیئرنس کے مراحل سہل ہو جائیگے اور کاروبار کو ایک اہم سہولت میسر ہوگی۔


CARBONLESS
WHITE & COLOUR
24 X 34 23 X 36

CB + CFB + CF CARD

Colour Cards

COPY PAPER A4

CHAND TRADERS

Karachi Office: 1-AL Mohsin Building,
Tayyabji Road, Karachi. 74200.
Tel: 32627311 - 32627411

Lahore Office: 44-Zulqarnain Chambers,
Ganpat Road, Lahore. 54000
Tel:37232889 - 37248501
Fax: 37227826
E-mail: chandtraders92@gmail.com





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# 10 کروڑ سے زائد منقولہ وغیر منقولہ اثاثوں پر کم از کم اثاثہ ٹیکس لگانے کی تجویز

اسلام آباد(بزنس ڈیسک) اعلیٰ سطح کے ریسورس اینڈ ریونیو موبلائزیشن کمیشن (آر آر ایم سی) نے حکومت کو 10 کروڑ سے زائد کے منقولہ وغیر منقولہ اثاثوں پر کم از کم اثاثہ ٹیکس لگانے کی تجویز دی ہے جو کہ ان اثاثوں کی قدر پر ہو جن کے مالکان پاکستان میں رہتے ہیں۔ آر آر ایم سی کی عبوری رپورٹ کے مطابق کیپیٹل ویلیو ٹیکس (سی وی ٹی) میں توسیع کے ذریعے ملک میں رہنے والے افراد کے مقامی اثاثوں پر میٹ (کم از کم اثاثہ ٹیکس) لگایا جائے۔ مجوزہ میٹ ٹیکس پاکستان میں مقیم اور پاکستان میں موجودہ منقولہ وغیر منقولہ 10 کروڑ سے زائد مالیت کے اثاثوں بشمول زرعی املاک، کاروباری املاک وغیرہ کی قیمت کی طے شدہ ٹیکس ریٹ کی کم از کم پر شرح لیا جائے گا۔ سی وی ٹی میٹ ٹیکس کے حوالے سے خیال کیا جارہا ہے کہ ٹیکس دہندگان سے اثاثوں پر سرمایہ کاری کردہ رقم میں 5 فیصد سالانہ ریٹرن آسانی سے حاصل کیا جاسکتا ہے۔ اس اسکیم سے ٹیکسوں کی شرح میں غریب اور امیر کے لیے موجود عدم مساوات کی کچھ تلافی ہوگی۔ مزید برآں میٹ سی وی ٹی یہ بھی یقینی بنائے گا کہ زرعی املاک پر کم از کم ٹیکس بھی ایف بی آر جمع کرے۔ یہ کام موجودہ سی وی ٹی کی شق (فنانس ایکٹ کے سیکشن 8) کے دائرہ کار میں توسیع کے ذریعے ہوگا۔ اثاثوں کی قیمت وہ تصور ہوگی جو ٹیکس سال کے آخر میں ہوگی۔ اسی طرح سے غیر ملکی اثاثوں پر میٹ ٹیکس لائبلیٹی کے ذریعے ایڈجسٹ کی جائے گی۔ اسی طرح داخلی اثاثوں کو داخلی آمدن کی ٹیکس کی واجب الادا رقوم سے ایڈجسٹ کیا جائے گا۔ اس حوالے سے سیکشن 7 ای کو ختم کرنے کی تجویز دی جارہی ہے کیونکہ اس پر پہلے ہی بہت سے قانونی مقدمات ہورہے ہیں۔ ٹیکس دہندگان کی مخصوص آمدن پر شرح کم کردی جائے گی یا انہیں استثنیٰ مل جائے گا جس کے نتیجے میں ان کی آمدن کی مجموعی بنیاد پر موثر ٹیکس ریٹ کی شرح میں بھی تخفیف ہوجائے گی۔ میٹ ٹیکس دولت ٹیکس سے مختلف ہے کیونکہ دولت ٹیکس تو انکم ٹیکس کے طور پر اضافی طور پر ادا کرنا پڑتا ہے جبکہ میٹ ٹیکس براہ راست ٹیکس کی کم از کم مقدار پر جمع کیا جاتا ہے۔ فی الوقت سی وی ٹی ملک میں مقیم افراد کے غیر ملکی اثاثوں پر لگایا جاتا ہے، انہیں ٹیکس سال کے آخری دن زرمبادلہ کی شرح پر جمع کیا جائیگا۔

# کمپنیوں کے تقسیم شدہ نفع پر 7.5 فیصد تک ایڈوانس ٹیکس کی تجویز

اسلام آباد(نیوز ڈیسک) حکومت آئندہ بجٹ میں لسٹڈ اور ان لسٹڈ دونوں قسم کی کمپنیوں کے غیر منقسمہ ریزرو پر ایڈوانس ٹیکس لگانے پر غور کررہی ہے جس کی مجوزہ شرح بالترتیب 5 سے 7.5 فیصد کے درمیان ہوسکتی ہے۔ اگر اس تجویز کو وزیر خزانہ اسحٰق ڈار اور اس کے بعد کابینہ کی منظوری حاصل ہوجاتی ہے تو اس مد میں حکومت 337.9 ارب روپے کا قابل ذکر ٹیکس جمع کرسکتی ہے۔ آئندہ مالی سب ایف بی آر 90 سے 90.2 کھرب روپے کا ٹیکس جمع کرنے کی کوشش کررہا ہوگا۔ توقع کی جارہی ہے کہ رواں مالی سال جو 30 جون 2023 کو ختم ہورہا ہے اس کا نظر ثانی شدہ ایف بی آر کا ٹیکس جمع کرنے کا ہدف 72 کھرب روپے تک کا ہوگا۔ اب ریسورس اینڈ ریونیو موبلائزیشن کمیشن نے اس تصور کی حمایت کی ہے اور وزیر خزانہ اسحٰق ڈار کو بھجوائی گئی رپورٹ میں اس پر سیر حاصل بحث کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ وہ لسٹڈ اور ان لسٹڈ دونوں قسم کی کمپنیوں کے غیر منقسمہ ریزرو پر ایڈوانس ٹیکس کی تجویز دی ہے۔ لسٹڈ کمپنیوں کے لیے 5 فیصد ٹیکس کی تجویز دی گئی ہے جبکہ ان لسٹڈ کمپنیوں پر 7.5 فیصد ٹیکس کی تجویز دی گئی ہے۔ ٹیکس پروپوزل کے لیے کیے گئے کام سے پتہ چلا ہے کہ 28 کھرب روپے کے مجموعی ریزرو لسٹڈ کمپنیوں کے پاس ایسے پڑے ہیں جن پر گزشتہ تین سال سے کوئی منافع حصص یافتگان میں تقسیم نہیں کیا گیا۔ بالفرض اگر یہ 5 فیصد ایڈوانس ٹیکس لگ جاتا ہے تو اس کے نتیجے میں ایف بی آر 140.4 ارب روپے جمع کرسکتا ہے۔ ایف بی آر کا فراہم کردہ ڈیٹا بتاتا ہے کہ کمپنیوں کا مجموعی ریزرو 54 کھرب 40 ارب روپے ہوگیا اور لسٹڈ کمپنیوں کا ریزرو 28 کھرب روپے کے آس پاس ہے جبکہ ان لسٹڈ کمپنیوں کے باقی ماندہ ریزرو 26 کھرب 30 ارب روپے پر کھڑا ہے۔ اگر ایف بی آر 7.5 فیصد ایڈوانس ٹیکس ان لسٹڈ کمپنیوں پر لگاتا ہے تو ایف بی آر 197.514 ارب روپے جمع کرسکتا ہے۔ اس طرح مجموعی طور پر 337.941 ارب روپے جمع کیے جاسکتے ہیں۔ آر آر ایم سی کے ذرائع نے بتایا ہے کہ یہ ٹیکس مستقبل میں کمپنی کے منافع کی تقسیم کے وقت حصص یافتگان پر عائد حقیقی ٹیکس کی تقسیم کے وقت ایڈجسٹ کرلیا جائے گا۔ آر آر ایم سی نے ایک اور بڑی ٹیکس تجویز میں حکومت سے سفارش کی ہے کہ وہ ان برآمدکنندگان پر بھی محصولات عائد کرے جو غیر ملکی کرنسی اس توقع کے تحت دبائے بیٹھے ہیں کہ پاکستانی روپے کی قیمت گرے گی اور اس طرح وہ اپنے فارن ایکسچینج میں فائدہ اٹھائیں گے۔

# برآمدکنندگان کی بجلی کی رعایت ختم کرنے کی تجویز

اسلام آباد(نیوز ڈیسک) وفاقی حکومت کا تخمینہ ہے کہ برآمدکنندگان نے گزشتہ تین برسوں کے دوران روپے کی قدر میں کمی کی وجہ سے ایک کھرب 50 ارب روپے منافع کی مد میں کمائے ہیں۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ وفاقی حکومت کی جانب سے یہ رپورٹ وزیر خزانہ اسحٰق ڈار اور وفاقی ایوان ہائے صنعت وتجارت کے وفد اور برآمدکنندگان کے نمائندوں سے ملاقات کے موقع پر تیار کی گئی تھی۔ یہ ملاقات جمعہ 19 مئی کو ہوئی تھی جس میں اسحاق ڈار نے یقین دلایا تھا کہ نیا بجٹ دوستانہ ہوگا تاہم انھوں نے نئے بجٹ میں ٹیکسوں میں کمی یا گیس اور بجلی کی قیمتوں میں رعایت کے حوالے سے کوئی بات نہیں کی۔ ایف پی سی سی آئی کے وفد نے ملاقات کے دوران اسحاق ڈار سے نئے بجٹ میں شرح ٹیکس میں کمی کے علاوہ تمام درآمدات پر ود ہولڈنگ ٹیکس کی شرح کم کرنے کا بھی مطالبہ کیا۔ اس کے علاوہ مجموعی پیداوار پر ٹیکس ریٹ کو کم کرتے ہوئے 1 فیصد جبکہ کارپوریٹ ٹیکس کو 27 فیصد پر لانے کا مطالبہ بھی کیا گیا۔ ایف پی سی سی آئی کے صدر عرفان اقبال شیخ نے بتایا کہ اسحاق ڈار نے کاروباری وفد کو یقین دلایا کہ نئے بجٹ میں کوئی نیا ٹیکس نافذ نہیں کیا جائے گا نہ ہی ٹیکس دہندگان پر مزید کوئی بوجھ ڈالا جائے گا۔ علاوہ ازیں وزارت خزانہ کی جانب سے جاری پریس ریلیز کے مطابق اسحاق ڈار سے آل پاکستان ٹیکسٹائل ملز ایسوسی ایشن کے وفد نے بھی ملاقات کی وفد نے مختلف صوبوں میں بجلی کے مختلف نرخوں سے متعلق مسائل سے بھی وفاقی وزیر کو آگاہ کیا۔ واضح رہے کہ آئی ایم ایف سے جاری مذاکرات کے نتیجے میں وفاقی حکومت نے برآمدکنندگان کو بجلی کی قیمتوں پر دی گئی 7 روپے 50 پیسے فی یونٹ کی رعایت بھی اس سال فروری سے ختم کردی تھی۔ وزارت خزانہ کے افسران کے مطابق وفاقی حکومت نے گزشتہ تین چار برسوں کے دوران برآمدکنندگان کو بجلی کی مد میں 181 ارب روپے سے زائد کی اعانت (سبسڈی) فراہم کی ہے جبکہ ڈالر کے مقابلے میں روپے کی مسلسل گراوٹ کے باعث برآمدکنندگان کو اچھا خاصا منافع حاصل ہوا۔ گفتگو میں فیصل آباد سے تعلق رکھنے والے ایک برآمدکنندہ (ایکسپورٹر) خرم مختار نے بتایا کہ وزیر خزانہ سے ملاقات میں کوئی بڑا فیصلہ نہیں ہوا، ہم ایکسپورٹرز نے وفاقی حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ برآمدکنندگان کے لیے صنعتی ٹیرف لاگت کی بنیاد پر نافذ کیا جائے جس میں دیگر کوئی (سبسڈی) رعایت شامل نہ ہو۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# غیر منقولہ جائیداد کی فروخت، کیپٹل گین کیلئے مزید ترامیم متعارف کی جائیں گی

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) ریونیو اینڈ ریسورس موبلائزیشن کمیشن (آر آر ایم سی) نے آئندہ بجٹ میں غیر منقولہ جائیداد کی فروخت پر کیپٹل گین لگانے کے لیے ایک بڑی ترمیم متعارف کرانے کی سفارش کی ہے اور یہ ان افراد کیلئے ہوگی جو اسے اپنی ویلتھ سٹیٹ منٹ میں ظاہر کریں گے، آر آر ایم سی نے اپنی رپورٹ میں حکومت کو سفارش کی ہے کہ آرڈیننس کی دفعہ 37 کے تحت، جو آرڈیننس کے پہلے شیڈول کے ڈویژن 8 کے ساتھ پڑھا گیا ہے، کسی بھی قسم کی غیر منقولہ جائیداد کو فروخت کرنے پر کیپٹل گین (فلیٹ ہولڈنگ کی مدت 2 سال سے کم لیکن 3 سال سے زیادہ نہ ہو، تعمیر شدہ جائیداد رکھنے کی مدت 4 سال سے کم لیکن 5 سال سے زیادہ نہ ہو اور اوپن پلاٹس ہولڈنگ کی مدت 6 سال سے زیادہ نہ ہو) صفر کی شرح سے قابل ٹیکس عائد ہے۔ تاہم، یہ نوٹ کیا گیا ہے کہ بہت سے ٹیکس دہندگان/ افراد ایسے ہیں جو جائیداد رکھتے ہیں لیکن اپنے ویلتھ اسٹیٹمنٹ میں اس وقت تک اس کا اعلان نہیں کرتے جب تک غیر منقولہ جائیداد کو فروخت کرنے پر نان ٹیکس ایبل نہیں ہو جاتی۔ اس طرح کی مدت گزرنے کے بعد ان کی طرف سے کیپٹل گین کا استثنیٰ مانگا جاتا ہے۔ لہٰذا یہ سفارش کی جاتی ہے کہ غیر منقولہ جائیداد کی فروخت پر کیپٹل گین کی نان ٹیکس ایبلٹی کا فائدہ صرف ان لوگوں کو ملنا چاہیے جنہوں نے حصول کے سال اور اس کے بعد کے سالوں میں جائیداد کو ویلتھ اسٹیٹمنٹ میں ظاہر کیا ہو، بشرطیکہ فائدہ تین سال میں ایک بار ہو۔ اس سے ٹیکس دہندگان کی جانب سے جائیداد کے اعلان کے تحت نمٹنے میں مدد ملے گی۔ پراپرٹی سیکٹر کو دستاویزی شکل دینے کے لئے آر آر ایم سی نے اپنی رپورٹ میں حکومت کو سفارش کی ہے کہ 15 سے زیادہ آر ای آئی ٹی مینجمنٹ کمپنیاں (آر ایم سیز) ہیں جنہوں نے پہلے ہی کام کرنے کے لئے آر ایم سی لائسنس حاصل کر لیا ہے اور دستیاب معلومات کے مطابق اب بھی مختلف آر ای آئی ٹی اسکیموں کو شروع کرنے کے عمل میں ہیں۔ جون 2021 اور اس کے بعد نومبر 2022 میں نظر ثانی شدہ آر ای آئی ٹی ریگولیشنز کے نفاذ کے بعد ان آر ایم سیز نے رفتار پکڑی۔ آئی ٹی او کے دوسرے شیڈول کے حصہ اول کی شق (99اے) میں 30 جون 2023 تک کسی بھی قسم کی آر ای آئی ٹی اسکیم کو غیر منقولہ جائیداد یا اسپیشل پرپز وہیکل کے حصص کی فروخت پر کسی شخص کو حاصل ہونے والے منافع اور منافع پر استثنیٰ فراہم کیا گیا ہے۔ موجودہ صورتحال میں جہاں فراہم کردہ فائدہ 30 جون، 2023 کو ختم ہو جائے گا، نئے لائسنس یافتہ آر ایم سی اس وقت تک آر ای آئی ٹی اسکیمیں شروع نہیں کر سکیں گے۔ اصل میں انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 میں فراہم کردہ فائدہ آر ای آئی ٹی کاروبار کو فروغ دینا تھا۔ فراہم کردہ فوائد نے آر ای آئی ٹی صنعت کو وسعت دینے میں اہم کردار ادا کیا ہے جس کے ذریعہ بڑی تعداد میں کمپنیوں نے آر ایم سی لائسنس حاصل کیا ہے۔ اس فوائد کی تجدید آر ای آئی ٹی ڈھانچے کے تحت اداروں/ افراد کو اپنی جائیدادوں/ ایس پی وی کو فروخت کرنے کی طرف راغب کرے گی جو انتہائی منظم اور دستاویزی ہے۔ مزید برآں اس سے آر ایم سیز کو مختلف آر ای آئی ٹی اسکیمیں شروع کرنے کی ترغیب ملے گی جس کے نتیجے میں مقامی اور غیر ملکی سرمایہ کاروں کو راغب کر کے معاشی سرگرمیوں میں اضافہ ہوگا۔ لہٰذا یہ سفارش کی جاتی ہے کہ فی الحال دستیاب فوائد کو 30 جون 2026 تک بڑھایا جائے۔ اس کے علاوہ آرڈیننس کی دفعات کو آر ای آئی ٹی ریگولیشنز کی دفعات کے ساتھ ہم آہنگ کرنے کے لئے غیر منقولہ جائیداد کے لفظ کو رئیل اسٹیٹ کے ساتھ تبدیل کرنے کی بھی سفارش کی گئی ہے۔

# اصلاحات کے ذریعے ٹیکس سسٹم کو آسان بناتے ہوئے ٹیکس بیس کو وسیع کیا جانا چاہیے: محمد ندیم قریشی

لاہور (بزنس ڈیسک) فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری (ایف پی سی سی آئی) کے ریجنل چیئرمین محمد ندیم قریشی نے کہا ہے کہ وفاقی بجٹ 2023-24 میں بین الاقوامی بیسٹ پریکٹس کی طرز پر ٹیکسیشن اصلاحات کی جانی چائیں؛ جن کے بنیادی اصول ٹیکس کے نظام کو آسان بنانا اور ٹیکس کی بنیاد کو وسیع کرنا ہونا چائیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہمیں معیشت کو صحیح راستے پر ڈالنے کے لیے وفاقی بجٹ میں ایسے ٹیکس نظام کی ضرورت ہے کہ جو کاروبار دوست اور ترقی پسندانہ ہو۔ محمد ندیم قریشی نے اس بات پر زور دیا کہ پاکستان میں ٹیکس کلیکشن جی ڈی پی کے 10 فیصد سے بھی کم ہے جو کہ یہ ظاہر کرتا ہے کہ ہمارا ٹیکس نظام متوازن، وسیع البنیاد اور کاروبار دوست نہیں ہے۔ ٹیکسیشن پالیسی میں کی جانے والی بڑی تبدیلیوں کو انتظامی فریم ورک میں مطلوبہ تعاون حاصل نہیں ہے۔ ایف بی آر میں مناسب تنظیمی ڈھانچے کا فقدان ہے، کاروبار دوست سہولیات کا فقدان ہے، ادارہ جاتی بجٹ بھی کم ہے اور انسانی وسائل کی ترقی پر بھی زیادہ زور نہیں دیا گیا ہے۔ محمد ندیم قریشی نے حکومت کو اپنی ٹیکس پالیسیوں میں اصلاحات کرنے کے لیے تجاویز دیتے ہوئے کہا کہ حکومت کو ٹیکس پالیسیوں کو برآمدات پر مبنی کاروبار کے لیے سازگار ماحول پیدا کرنے کے ذریعے نئ اور غیر روایتی بین الاقوامی منڈیوں میں ایکسپورٹ کرنے میں مدد فراہم کرنی چاہیے۔ ٹیکس کے نظام کو آسان ہونا چاہیے تاکہ مسلسل اقتصادی اور کاروباری ترقی کے لیے براہ راست غیر ملکی سرمایہ کاری کو راغب کیا جا سکے۔ جامع اور پائیدار ترقی کے لیے میکرو اکنامک استحکام کو برقرار رکھنا لازمی شرط ہے اور ٹیکس کے نظام کو معاشی سرگرمیوں میں آسانی پیدا کرنی چاہیے اور ایف بی آر ایک نوٹس مینوفیکچرنگ فیکٹری کے طور پر کام کرنا بند کر دینا چاہیے۔ ٹیکس کے موجودہ نظام سے مطلوبہ محصولات حاصل کرنے کے لیے حکومت کو فرسودہ قوانین وضوابط اور ٹیکس کی شرح پر نظر ثانی کرنے کی ضرورت ہے اور اچھی تربیت یافتہ، جدید ٹیکنالوجی سے لیس اور پُرعزم انسانی وسائل کو ترقی دینی چاہیے۔ ٹیکس پالیسی، انڈسٹریل پالیسی، برآمدات کے ہدف اور مانیٹری پالیسی کے مقاصد میں ہم آہنگی ہونی چاہئی؛ بصورت دیگر، ان میں سے کوئی بھی پالیسی کام نہیں کرے گی۔


توجہ فرمائیے

پیپر بزنس کے سالانہ خریدار بننے اور اشتہارات کی بکنگ کیلئے ابھی رابطہ کریں۔

0308-2933229


# وفاقی بجٹ، گاڑیوں کی رجسٹریشن پر ایڈوانس ٹیکس میں اضافہ متوقع

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) آئندہ مالی سال کے وفاقی بجٹ میں گاڑیوں کی رجسٹریشن پر ایڈوانس ٹیکس میں اضافہ متوقع ہے، گاڑیوں کی قیمت کی بنیاد پر نان فائلرز پر ایڈوانس ٹیکس میں 10 سے 35 فیصد اضافہ کی تجویز زیر غور ہے، آر ایم سی کمیٹی نے گاڑیوں کے انجن کی استعداد کے بجائے قیمت کی بنیاد پر ایڈوانس ٹیکس عائد کرنے کی بڑی تجویز دی ہے جبکہ پہلے گاڑیوں کی انجن کی استعداد کی بنیاد پر ایڈوانس ٹیکس عائد کیا جاتا تھا، ریسورس اینڈ ریونیو موبولائنزیشن کمیشن نے ایف بی آر کو تجویز دی ہے کہ گزشتہ تین سال سے ایکٹو ٹیکس پیئر فہرست میں شامل کارپوریٹ سیکٹر کی ایک کروڑ روپے مالیت کی گاڑی پر 2 فیصد ایڈوانس ٹیکس اور نان کارپوریٹ سیکٹر کی گاڑی پر 3 فیصد ٹیکس عائد کیا جائے، انفرادی شخص کے لیے 10 فیصد ایڈوانس ٹیکس عائد کرنے کی تجویز دی گئی ہے۔

# پی آئی اے کے پیپرواسٹیشنری کے ٹینڈرز

☆ٹینڈرحوالہ نمبر:DGMPC/Staionary 2022-23
اسٹیشنری آئٹمز
ٹینڈرکلوزنگ کی تاریخ:5جون2023ء
برائے رابطہ: کمرشل پرچیز سیکشن، پہلی منزل، سپلائی چینمینجمنٹ ڈپارٹمنٹ، پی آئی اے سی ایل، ایئرپورٹ، کراچی۔
فون:021-99043304

☆ ٹینڈرحوالہ نمبر:PR-22010073
آفسیٹ پیپروائٹ امپورٹڈ، سائز90,23x36 گرام،
تعداد:265ریم

☆ ٹینڈرحوالہ نمبر:PR-22010068
آفسیٹ پیپروائٹ امپورٹڈ، سائز90,20x30 گرام،
تعداد:200ریم
ٹینڈرزکلوزنگ کی تاریخ:5جون2023ء
برائے رابطہ: کمرشل پرچیز سیکشن، سپلائی چینمینجمنٹ ڈپارٹمنٹ، پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائن، کراچی۔
فون:021-99045137

☆ ٹینڈرحوالہ نمبر:
DGMPC/F4(Legal)Paper IMP/2022-23
F4 لیگل سائز پیپر، امپورٹڈ/لوکل،80 گرام،
تعداد:450ریم
ٹینڈرکلوزنگ کی تاریخ:5جون2023ء
برائے رابطہ: کمرشل پرچیز سیکشن، پہلی منزل، سپلائی چین مینجمنٹ ڈپارٹمنٹ، پی آئی اے سی ایل، ایئرپورٹ کراچی۔
فون:021-99043304

# پنجاب بورڈ آف انٹرٹینمنٹ کو اسٹیشنری درکار

ٹینڈرکلوزنگ کی تاریخ:5جون2023ء
برائے رابطہ: ڈائریکٹر ایڈمن آفس، 3 2۔ایکمان روڈ، GOR-1، لاہور۔
فون:042-99205201-6

# پنجاب ایمرجنسی سروس کا پرنٹنگ کا ٹینڈر

فائل کورز، فارمز، لاگ بک اور رجسٹرز وغیرہ کی پرنٹنگ
ٹینڈرکلوزنگ کی تاریخ:2جون2023ء
برائے رابطہ: پروکیورمنٹ ونگ، ریسکیو ہیڈکوارٹرز، موٹروے سروس لین، تھوکرنیاز بیگ، لاہور۔
فون:042-3531883

# پنجاب پروکیورمنٹ اتھارٹی کا پیپرواسٹیشنری کا ٹینڈر

فوٹوکاپی پیپر A4سائز 80 گرام۔
کمپیوٹر پیپر A4اور لیگل سائز 80 گرام۔اسٹیشنری آئٹمز۔




ٹینڈرکلوزنگ کی تاریخ: 2جون2023
برائے رابطہ: آفس، 3rdفلور، ٹیل ونگ، الفلاح بلڈنگ، دی مال، لاہور۔
فون:042-99205593

# اسٹیٹ لائف کو پرنٹنگ خدمات درکار

ٹینڈرحوالہ نمبر:PHS/PO/11/2023
پالیسی کورز، سپلیمنٹری کنٹریکٹ، ویلکم لائیٹرز اور فولڈرز کی پرنٹنگ۔
ٹینڈرکلوزنگ کی تاریخ:6جون2023ء
برائے رابطہ: ڈپارٹمنٹل ہیڈ، جنرل سروسز ڈپارٹمنٹ، دوسری منزل، اسٹیٹ لائف بلڈنگ نمبر9، ڈاکٹرضیاالدین احمد روڈ، کراچی۔
فون:021-99204521

# NFCانسٹیٹیوٹ کو پرنٹنگ خدمات درکار

ٹینڈرحوالہ نمبر:NFCIET/Com/RE-T-11
سیشن2023کے پراسپیکٹس کی پرنٹنگ
ٹینڈرکلوزنگ کی تاریخ:5جون2023ء
برائے رابطہ: کامران لیاقت بھٹی، پی او فرٹیلائزر پروجیکٹ، خانیوال روڈ، ملتان۔
فون:061-9220012-16 EXT:2245

# پاکستان ایروناٹیکل کمپلیکس کو اسٹیشنری درکار

ٹینڈرحوالہ نمبر:PACB/1611/SO(LOG)/PC-17
ٹینڈرکلوزنگ کی تاریخ:6جون2023ء
برائے رابطہ: سینئرآفیسر (LOG)، PACبورڈ، کامرہ۔
فون:051-909902619

# ردی کی فروخت کا ٹینڈر

ٹینڈرکلوزنگ کی تاریخ:6جون2023ء
برائے رابطہ: اسٹور سیکشن، بوڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، 86۔مزنگ روڈ، لاہور۔

